کنز المدارس بورڈ کے پیٹرن کے مطابق

# تاریخ الخلفاء

ڈاکٹر حافظ احمد سعید رانا کے تحریر کردہ

## سوالات کے جوابات

کو احسن انداز میں تحریر کیا گیا ہے

کوئی غلطی پائیں تو ضرور مطلع فرمائیں

مرتب


علامہ مولانا محمد طارق مدنی (ایم فل سکالر)

03067352027



ماڈل جامعتہ المدینہ اشاعت الاسلام ملتان



Scanned with CamScan

# حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ)

1. حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) کس کے اور کون سے خلیفہ تھے؟
2. حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) کا اسم مبارک مع نسب لکھیں؟
3. حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) کا نسب حضور اکرم ﷺ کے نسب سے کہاں تک جاملتا ہے؟
4. حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) کا لقب کیا ہے؟
5. حضور اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے ظاہری وصال کے بعد کس نے مرتدین کے خلاف جنگ کی؟
6. واقعہ معراج کی سب سے پہلے بلا توقف گواہی کس نے دی؟
7. حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) کا نام صدیق کس نے رکھا؟
8. حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) کی والدہ ماجدہ کا کیا نام تھا؟
9. حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
10. حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) کے کچھ اخلاقیات لکھیں؟
11. زمانہ جہالت میں خون بہا اور جرمانہ کا کام کس کے پاس تھا؟
12. کس خلیفہ نے زمانہ جہالت میں شراب بھی نہیں پی؟
13. حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) کا مختصر حلیہ لکھیں؟
14. کس صحابی (رضی اللہ عنہ) نے سب سے پہلے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی؟
15. حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) کا قبول اسلام لکھیں؟
16. حضور اکرم ﷺ پر سب سے پہلے کون اسلام لائے؟
17. کون سے صحابی (رضی اللہ عنہ) قبول اسلام سے لیکر وفات تک حضور ﷺ کے ساتھ زندگی بسر کی؟
18. جنگ بدر میں کون سے صحابی (رضی اللہ عنہ) اپنے بیٹے کی زد میں آئے؟
19. شجاعت صدیق اکبر (رضی اللہ عنہ) پر مختصر نوٹ لکھیں؟
20. بقول مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم حضور پر زیادہ احسان کس صحابی (رضی اللہ عنہ) کے ہیں؟
21. حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) کا علم لکھیں؟
22. حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے فتوی کے بارے میں کچھ لکھیں؟
23. کس صحابی (رضی اللہ عنہ) نے کبھی اجتہاد نہیں کیا؟ (خلفاء اربعہ)
24. ابن کثیر حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) کے علم کے بارے میں کیا لکھتے ہیں؟

Hafiz Ahmed

Scanned with CamScanner

25. کس صحابی (رضی اللہ عنہ) کے بارے میں حضور ﷺ نے فرمایا کہ یہ زمین و آسمان پر خطا نہیں کر سکتے؟

26. افضل الصحابہ کون سے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں؟

27. حضرت علی شیر خدا (رضی اللہ عنہ) نے اس شخص کے بارے میں کیا کہا، جو صدیق کو علی سے کم تر بتائے گا؟

28. حدیث صحیح کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں؟

29. حدیث حسن کی کتنی اور کون کون قسمیں ہیں؟

30. حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) کی مدح میں حضرت حسان بن ثابت (رضی اللہ عنہ) کون سے اشعار پڑھے؟

31. بقول مصطفی ﷺ اس امت میں سب سے زیادہ راحم کون ہیں؟

32. کس صحابی (رضی اللہ عنہ) نے حضرت بلال (رضی اللہ عنہ) کو کس قبیلے سے اور کتنی رقم سے آزاد کروایا؟

33. ﴿فَأَمَّا مَنْ أَعْطَىٰ وَاتَّقَىٰ﴾ کس کے حق میں نازل ہوئی؟

34. ﴿وَسَيُجَنَّبُهَا الْأَتْقَى﴾ کس کے حق میں نازل ہوئی؟

35. ﴿وَمَا لِأَحَدٍ عِندَهُ مِن نِّعْمَةٍ تُجْزَىٰ﴾ کس کے حق میں نازل ہوئی؟

36. ایک قول کے مطابق آیت ﴿ وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ جَنَّتَانِ﴾ کس کے حق میں نازل ہوئی؟

37. احادیث کی روشنی میں حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) کی فضیلت بیان کریں؟

38. بقول حضور ﷺ اس امت کے خاص آدمی کون ہیں؟

39. بقول حضور ﷺ اس امت میں سے جنت میں سب سے پہلے کون داخل ہو گا؟

40. بقول حضور ﷺ تین سو ساٹھ نیک خصلتیں کس صحابی (رضی اللہ عنہ) کے اندر پائی جاتی ہیں؟

41. بقول حضور ﷺ حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) کی محبت اور شکر میں کس کس پر واجب ہے؟

42. کس کے قول کے مطابق حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) ہمارے سردار ہیں؟

43. کس کے قول کے مطابق حضرت ابو کر صدیق (رضی اللہ عنہ) کے علاوہ قیامت کے دن سب سے حساب ہو گا؟

44. کس کے قول کے مطابق حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) کا ایمان تمام مخلوق کے ایمان سے زیادہ ہے؟

45. پہلے صحیفوں میں حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) کی رحم دلی کو کس مثال سے تعبیر کیا گیا ہے؟

46. اللہ تعالیٰ نے حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) کتنی اور کون کون سی خصلتوں سے نوازا جس سے کسی دوسرے آدمی کو نہ نوازا؟

47. کتنے صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم) نے حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) کو پہلا خلیفہ مانا اور انھیں پکارتے تھے؟

48. ثانی اثنین سے کون سی شخصیت ہے؟

49. وفات کے وقت کس صحابی (رضی اللہ عنہ) نے حضور ﷺ کے چہرہ انور کو بوسہ دیا اور کیا کہا؟

50. حضرت امام مالک (رضی اللہ عنہ) کے نزدیک امام کی ایک شرط کیا ہے؟

Dr. Hafiz Ahmed

Scanned with CamScanner

51. حضرت نبی پاک صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے جانشیں کون تھے؟

52. حضور اکرم ﷺ کی تدفین اور میراث کے اختلاف میں کس صحابی (رضی اللہ عنہ) نے اس مسئلے کو حل فرمایا؟

53. مسیلمہ کذاب سے کس صحابی (رضی اللہ عنہ) نے جنگ کی؟

54. ابلہ و عرق کی فتح کیسے ہوئی؟

55. قرآن پاک کو جمع کرنے کا مشورہ کس صحابی (رضی اللہ عنہ) نے دیا؟

56. جمع قرآن کیسے ہوا؟

57. کس جنگ میں کافی حفاظ شہید ہوئے؟

58. بقول حضرت علی (رضی اللہ عنہ) کے خلیفہ کو قرآن مجید کے بارے میں زیادہ اجرت ملے گی۔

59. حضور اکرم ﷺ پر سب پہلے کون ایمان لائے؟

60. قرآن مجید کو سب سے پہلے کس نے جمع کیا؟

61. قرآن مجید کا نام مصحف کس نے سب سے پہلے رکھا؟

62. حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) کی خلیفہ ہونے کے وقت کتنی تنخواہ تھی؟

63. حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) نے وفات کے وقت کیا وصیت کی؟

64. سب نے پہلے بیت المال کس خلیفہ نے مقررہ کیا؟

65. حضرت ابو بکر (رضی اللہ عنہ) کا لقب کیا ہے؟

66. حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) کی عاجزی کو بیان کریں؟

67. حضور اکرم ﷺ نے اسلام کے حج میں پہلے عامل کس کو بنایا؟

68. حضور اکرم ﷺ کے پہلے خلیفے کا انتقال کیسے ہوا؟

69. حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) نے حضرت عمر (رضی اللہ عنہ) کو خلیفہ کیسے بنایا؟

70. حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) نے حضرت عمر (رضی اللہ عنہ) کے بارے میں کیا وصیت فرمائی؟

71. کس کے قول کے مطابق کتنے اور کون کونسے شخص دانا تھے؟

72. حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) کی وصیت سے کون سے صحابی (رضی اللہ عنہ) راضی ہوئی ہیں؟

73. حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) نے کھجور کے درخت کے بارے میں کیا وصیت فرمائی؟

74. حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) نے اپنے مال کے بارے میں کیا وصیت میں فرمائی؟

75. حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) اپنا مال کن پر خرچ کرتے تھے۔یعنی صدقہ کرتے تھے؟

76. حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) نے اپنے غسل کیلئے کس کیلئے وصیت کی؟

77. حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی اور انہیں کہاں دفن کیا گیا؟

Dr. Hafiz Ahmed

Scanned with CamScanner

78. حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) نے اپنے تدفین کیلئے کیا وصیت کی تھی؟

79. کون سے صحابی (رضی اللہ عنہ) اپنے والد کی زندگی میں خلیفہ بنے؟

80. حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) نے کتنے سال خلافت کے امور کو سرانجام دیا؟

81. حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) سے کتنی حدیثیں روایت کی گئیں؟

82. جب کسی شخص نے حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) سے زنا کے بارے پوچھا تو آپ کیا فرمایا؟

83. حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) کا ذوق عبادت کیسے تھا؟

84. حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) نے کان کے کٹنے پر کتنے اونٹ کی دیت مقرر کی؟

85. جب حضرت ابو کر صدیق (رضی اللہ عنہ) نے شام کی طرف لشکر روانہ کیا اور اس کے سردار یزید بن ابو سفیان کو کتنی اور کون کون سی نصیحتیں کیں؟

86. حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) کا خوف خدا لکھیں؟

87. رسول اللہ ﷺ کے بعد اس امت کے سب سے بڑے تعبیر دان کون تھے؟

88. جب رسول ﷺ نے حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) سے پوچھا کہ آپ بڑے ہیں یا میں تو ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) کیا جواب دیا؟

## حضرت عمر بن خطاب (رضی اللہ عنہ)

89. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) کا نام مع نسب لکھیں؟

90. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) نے کب اسلام قبول کیا؟

91. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) کب پیدا ہوئے؟

92. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) کتنے مرد اور عورتوں کے بعد اسلام لائے؟

93. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) نے حضور اکرم ﷺ سے کتنی احادیث روایت کیں ہیں؟

94. حضور اکرم ﷺ نے حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) اور ابو شام کے بارے میں کیا دعا کی تھی؟

95. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) کا قبول اسلام کا سبب لکھیں؟

96. حضرت ابن عباس (رضی اللہ عنہ) نے حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) سے پوچھا کہ تمہارا لقب کیسے پڑا تو حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) نے کیا جواب دیا۔

97. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) کا لقب فاروق کس نے رکھا؟

98. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) اسلام لائے تو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے آقا کریم ﷺ کو کیا خوشخبری سنائی؟

99. کس نے ایمان لانے سے ان کی قوم آدھی رہ گئی تھی

Dr. Hafiz Ahmed Saeed Rana

Scanned with CamScanner

100. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) کے اسلام لانے کے بعد مسلمان کیسے زندگی بسر کرتے تھے؟
101. سب سے پہلے کس نے اسلام کو ظاہر کیا؟
102. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) کا انداز ہجرت بیان کریں؟
103. کس خلیفہ کے آنے سے شیطان راستہ چھوڑ دیتا ہے۔
104. بقول مصطفیٰ کریم ﷺ کے اس امت کے علم میں اللہ کون ہیں؟
105. حضرت نبی پاک ﷺ نے حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) کی عظمت کو کیسے بیان کیا؟
106. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) کی اپیل پر اللہ نے سچ کیوں رکھا؟
107. بقول مصطفیٰ کریم ﷺ حق میرے بعد کس کے پاس ہوگا؟
108. حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) کے نزدیک اس زمین پر سب سے عزیز کون ہیں رسول اللہ ﷺ کے علاوہ۔
109. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) کا علم کتنا تھا؟
110. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) کے بارے میں جو عائشہ صدیقہ (رضی اللہ عنہا) کا قول کیا ہے؟
111. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) کے بارے میں حضرت عبد اللہ ابن مسعود (رضی اللہ عنہ) کا قول لکھیں؟
112. تورات میں حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) کی صفت کس طرح بیان کی گئی ہے؟
113. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) لوگوں پر سب کتنے چیزوں کے فضیلت دیئے گئے؟
114. کس کی خلافت میں شیاطین مقید ہو جاتے تھے؟
115. اسلام کے ماں باپ کون ہیں؟
116. کیا حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) کی رائے قرآن بن گئی ثابت کریں؟
117. ﴿أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ ٱلصِّيَامِ ٱلرَّفَثُ إِلَىٰ نِسَآئِكُمْ﴾ کس کے حق میں نازل ہوئی؟
118. ﴿﴾ اذن دخول بیت کی آیت کس کی وجہ سے نازل ہوئی؟
119. کرامت حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) کو بیان کریں۔
120. کون سے خلیفہ لوگوں کی چھوٹی بات کو جان لیتے تھے؟
121. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) جب کسی عامل کو خط لکھتے تو کیا نصیحتیں فرماتے؟
122. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) کا لباس کیسا تھا؟
123. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) بازار میں کیسے چلتے تھے؟
124. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) جب تلاوت کرتے تو ان کا کیا حال ہوتا تھا؟
125. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) کا خوف خدا کیسا تھا؟
126. کون سے خلیفہ حالت خلافت میں تجارت کیا کرتے تھے؟

Dr. Hafiz Ahmed Saeed Rana

Scanned with CamScanner

127. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) گھوڑے کی کس انداز سے سواری کرتے تھے؟

128. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) نے قوم کی درستگی کیلئے کون سا جملہ ارشاد فرمایا؟

129. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) کی خوراک کیا تھی؟

130. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) کی والدہ کا کیا نام تھا؟

131. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) کب خلیفہ بنے؟

132. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) نے دور خلافت میں پہلا جمعہ کہاں پڑھایا؟

133. قادسیہ اور مصر کس کے دور خلافت میں کیسے فتح ہوئے؟

134. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) نے وفات کے وقت کیا دعا فرمائی؟

135. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) اکثر کیا دعا مانگا کرتے تھے؟

136. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) پر کس نے خونی وار کیا؟

137. قاتل نے حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) پر کہاں زخم لگائے؟

138. وصال کے وقت حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) نے خلافت کیلئے کتنے اور کون کون صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم) کو مشورہ کرنے کیلئے کیا اور انہیں کتنے دن کی مہلت دی؟

139. حضر عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) نے خلیفہ کیلئے کیا وصیت کی؟

140. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) کو کہاں دفن کیا گیا؟

141. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) کو خلیفہ کیسے بنایا گیا؟

142. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) کو کیا زخم لگے اور انہیں کب دفن کیا گیا؟

143. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) کی وفات کا وقت کتنی عمر تھی؟

144. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

145. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) کی انگوٹھی کا نقش کیا تھا؟

146. اسلام کب کمزور ہوا تھا؟

147. کس کی موت کے وقت سورج کو گرہن لگ گیا۔

148. سب سے پہلے امیر المومنین کیسے کہا گیا؟

149. ہجری تاریخ سب سے پہلے کس نے مقررہ فرمائی؟

150. ہجو کہنے پر سب سے پہلے حد کس نے لگائی؟

151. نماز تراویح کی جماعت کا اہتمام کس نے کیا؟

152. سب سے پہلے متعہ کس نے حرام کیا؟

Dr. Hafiz Ahmed Saeed Rana

Scanned with CamScan

153. ام ولد کی بیع کو سب سے پہلے کس نے منع کیا؟

154. سب سے پہلے گھوڑوں کی زکوۃ کس نے لی؟

155. سب سے پہلے درہ کس نے ایجاد کیا؟

156. خلافت کے وقت حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) نے پہلے بات منبر پر کھڑے ہو کر کیا کی؟

157. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) نے خلیفہ اور بادشاہ کے درمیان کیا فرق بتایا؟

158. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) نے عامل کیلئے کتنی مدت باہر رہنے کی اجازت دی؟

159. حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) کی عاجزی کو بیان کریں۔

## حضرت عثمان غنی (رضی اللہ عنہ)

160. حضرت عثمان غنی (رضی اللہ عنہ) کا نام مع نسب لکھیں۔

161. حضرت عثمان غنی (رضی اللہ عنہ) کی کیفیت کیا ہے؟

162. حضرت عثمان غنی (رضی اللہ عنہ) کب پیدا ہوئے اور کب اسلام لائے؟

163. حضرت عثمان غنی (رضی اللہ عنہ) نے کتنی ہجرتیں کیں؟

164. حضرت عثمان غنی (رضی اللہ عنہ) سے حضرت رقیہ (رضی اللہ عنہا) کا نکاح کب ہوگا؟

165. حضرت عثمان غنی (رضی اللہ عنہ) جنگ بدر میں کیوں شریک نہیں ہوئے؟

166. حضرت ام کلثوم (رضی اللہ عنہا) کا انتقال کا کب ہوا؟

167. حضرت ام کلثوم (رضی اللہ عنہا) کا نکاح حضرت عثمان غنی (رضی اللہ عنہ) سے کب ہوا؟

168. ذوالنورین کس صحابی (رضی اللہ عنہ) کا لقب ہے؟

169. قرآن کو کس صحابی (رضی اللہ عنہ) نے جمع کیا؟

170. مناسک حج سب سے زیادہ کون جانتے تھے؟

171. حضرت عثمان غنی (رضی اللہ عنہ) کو ذوالنورین کیوں کہا جاتا ہے؟

172. جاہلیت کے زمانے میں حضرت عثمان غنی (رضی اللہ عنہ) کی کنیت کیا تھی؟

173. حضرت عثمان غنی (رضی اللہ عنہ) کا حلیہ مبارک کیا تھا؟

174. کس صحابی (رضی اللہ عنہ) کی مشابہت حضرت ابراہیم (علی نبینا علیہ الصلاۃ والسلام) سے ہے؟

175. کس صحابی (رضی اللہ عنہ) کا نکاح بذریعہ وحی کیا گیا؟

176. کس صحابی (رضی اللہ عنہ) سے فرشتے حیا کرتے ہیں؟

177. حضرت عثمان غنی (رضی اللہ عنہ) کی کب بیعت کی گئی؟

Dr. Hafiz Ahmed Saeed Rana

Scanned with CamScanner

178. کب حضرت عثمان غنی (رضی اللہ عنہ) پر پہلا الزام لگایا گیا؟

179. کس خلیفہ نے مسجد نبوی کی توسیع کی؟

180. حضرت عثمان غنی (رضی اللہ عنہ) کب شہید کئے گئے؟

181. حضرت عثمان غنی (رضی اللہ عنہ) کیسے شہید ہوئے؟

182. جب حضرت عثمان غنی (رضی اللہ عنہ) گھر میں قید تھے تو اس وقت صحابہ کرام نے کیا کارکردگی سرانجام دی؟

183. حضرت عثمان غنی (رضی اللہ عنہ) کو کس نے قتل کیا؟

184. حضرت علی شیر خدا (رضی اللہ عنہ) کی بیعت کیسے کی گئی؟

185. وفات کے وقت حضرت عثمان غنی (رضی اللہ عنہ) کی کیا عمر تھی؟

186. سب سے پہلا فتنہ کیا ہے؟

187. حضرت عثمان غنی (رضی اللہ عنہ) کی انگوٹھی کا نقش کیا تھا؟

188. جاگیریں سب سے پہلے کس نے مقرر کیں؟

189. مؤذنوں کی تنخواہ اور جمعہ کی پہلی اذان کس نے سب سے پہلے مقرر کروائی؟

190. وہ کون سے خلیفہ جس کی والدہ ان کی خلافت میں حیات تھیں؟

191. کس خلیفہ نے کس کو قرآن پاک کی ایک قرات پر اکٹھا کیا؟

## حضرت علی شیر خدا (رضی اللہ عنہ)

192. حضرت علی شیر خدا (رضی اللہ عنہ) کا نام مع نسب لکھیں؟

193. حضرت علی شیر خدا (رضی اللہ عنہ) کی کنیت کیا ہے؟

194. حضرت علی شیر خدا (رضی اللہ عنہ) کون تھے؟

195. علم کا شہر کون سے خلیفہ ہیں؟

196. حضرت علی شیر خدا (رضی اللہ عنہ) کب خلافت پر مبعوث ہوئے؟

197. حضرت علی شیر خدا (رضی اللہ عنہ) نے جنگ احد میں کتنے زخم کھائے؟

198. حضرت علی شیر خدا (رضی اللہ عنہ) سے کتنی حدیثیں روایت ہیں؟

199. حضور اکرم ﷺ کے اہل کون ہیں؟

200. حضور اکرم ﷺ نے جب فرمایا کہ میں جس کا ولی ہوں اس کا ولی۔۔۔۔۔۔ ہو گا؟

201. حضرت علی شیر خدا (رضی اللہ عنہ) کی قرابت حضور ﷺ سے کیسی تھی؟

202. بقول حضرت علی شیر خدا (رضی اللہ عنہ) مومن کون ہو گا اور منافق کون ہو گا؟

Dr. Hafiz Ahmed Saeed Rana

Scanned with CamScanner

203. سب سے اچھا فیصلہ کس کا ہوتا ہے بقول حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ)؟

204. مدینہ میں ماہر علم فرائض کون تھے؟

205. سب سے زیادہ آیتیں کس کے حق میں نازل ہوئیں؟

206. حضرت علی شیر خدا (رضی اللہ عنہ) جب بیت المال میں جاتے تو سب سے پہلے کیا کرتے تھے؟

207. سخاوت اور بخشش میں بقول حضرت علی شیر خدا (رضی اللہ عنہ) کیا فرق ہے؟

208. بقول حضرت علی شیر خدا (رضی اللہ عنہ) کتنی اور کون سی چیزیں شیطان کی طرف سے ہوتی ہیں؟

## حضرت عمر بن عبد العزیز (رضی اللہ عنہ)

209. حضرت عمر بن عبد العزیز (رضی اللہ عنہ) کے والد کا کیا نام تھا؟

210. حضرت عمر بن عبد العزیز (رضی اللہ عنہ) کی کنیت کیا تھی؟

211. خلفائے راشدین میں سے حضرت عمر بن عبد العزیز (رضی اللہ عنہ) کس نمبر پر ہیں؟

212. حضرت عمر بن عبد العزیز (رضی اللہ عنہ) کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

213. حضرت عمر بن عبد العزیز (رضی اللہ عنہ) کی والدہ کا کیا نام تھا؟

214. حضرت عمر بن خطاب (رضی اللہ عنہ) نے اپنی اولاد کے بارے میں کیا پیش گوئی کی؟

215. کس حاکم نے حضرت عمر بن عبد العزیز (رضی اللہ عنہ) کو مدینہ کا حاکم بنایا؟

216. حضرت عمر بن عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ مدینہ کے حاکم کب سے کب تک رہے؟

217. حضرت عمر بن عبد العزیز (رضی اللہ عنہ) کے ساتھ علماء کیسے رہتے تھے؟

218. حضرت عمر بن عبد العزیز (رضی اللہ عنہ) کب خلیفہ ہوئے؟

219. حضرت عمر بن عبد العزیز (رضی اللہ عنہ) نے کتنے سال خلافت فرمائی؟

220. حضرت عمر بن عبد العزیز (رضی اللہ عنہ) نے اپنی خلافت میں کیا کام سرانجام دیئے ہے؟

221. جب حضرت عمر بن عبد العزیز (رضی اللہ عنہ) خلیفہ بنے تو سب سے پہلے کیا خطبہ دیا؟

222. جب حضرت عمر بن عبد العزیز (رضی اللہ عنہ) خلیفہ بنے تو انھوں نے بنی مروان کو جمع کر کے کیا فرمایا؟

223. جب حضرت عمر بن عبد العزیز (رضی اللہ عنہ) خلیفہ بنے تو انہیں نے اپنے عزیز و اقارب کی جاگیروں کا کیا کیا؟

224. جب حضرت عمر بن عبد العزیز (رضی اللہ عنہ) کی بیوی کے پاس ایک ہیرا تھا تو آپ (رضی اللہ عنہ) نے کیا فرمایا؟

225. حضرت عمر بن عبد العزیز (رضی اللہ عنہ) کی مثال بنو امیہ میں کیسی ہے؟

226. حضرت عمر بن عبد العزیز (رضی اللہ عنہ) کے دور خلافت میں جانوروں کا حال کیسا تھا؟

227. دور خلافت میں حضرت عمر بن عبد العزیز (رضی اللہ عنہ) کے پاس کتنے کرتے تھے؟

Dr. Hafiz Ahmed Saeed Rana

Scanned with CamScanner

228. جب حضرت عمر بن عبد العزیز (رضی اللہ عنہ) خلیفہ بنے تو آپ نے اپنے لونڈیوں اور غلاموں سے کیا کہا؟

229. جب حضرت عمر بن عبد العزیز (رضی اللہ عنہ) خلیفہ بنے تو اس وقت آپ نے کیا فرمایا؟

230. حضرت عمر بن عبد العزیز (رضی اللہ عنہ) کا روزانہ کا خرچہ کتنا تھا؟

231. حضرت عمر بن عبد العزیز (رضی اللہ عنہ) مجرم کو کب سزا دیتے تھے؟

232. حضرت عمر بن عبد العزیز (رضی اللہ عنہ) نے حضرت امیر معاویہ (رضی اللہ عنہ) کے گستاخ کو کتنے درے مارے؟

233. حضرت عمر بن عبد العزیز (رضی اللہ عنہ) لوگوں کو کیا وصیت فرمایا کرتے تھے؟

234. حضرت عمر بن عبد العزیز (رضی اللہ عنہ) کیوں فرماتے تھے کہ اپنے لیے ایک محافظ مقرر کر لیں؟

235. بنو امیہ خطبہ میں کس صحابی (رضی اللہ عنہ) کی بے ادبی کیا کرتے تھے؟

236. جب لوگ حضرت عمر بن عبد العزیز (رضی اللہ عنہ) کی قبر کو بند کر رہے تھے تو آسمان سے کیا چیز گری؟

237. حضرت عمر بن عبد العزیز (رضی اللہ عنہ) نے اپنی وفات سے قبل کون سے اشعار پڑھے ان کا ترجمہ لکھیں؟

Ahmed Saeed Rana

Scanned with CamScanner

# حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

(1) جواب: حضرت ابوبکر صدیق رسول اللہ صلی اللہ کے پہلے خلیفہ تھے۔

2 جواب: حضرت ابوبکر صدیق کا اسم مبارک عبداللہ تھا۔ ابو قحافہ عثمان بن عامر بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب القرشی التیمی کے بیٹے تھے۔

3 جواب: حضرت ابوبکر صدیق کا نسب رسول اللہ کے ساتھ مرہ میں جا ملتا ہے۔

4 جواب: حضرت ابوبکر صدیق کا لقب مبارک عتیق تھا۔

5 جواب: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ظاہری وصال کے بعد حضرت ابوبکر صدیق نے مرتدین کے خلاف جنگ کی۔

6 جواب: واقعہ معراج کی سب سے پہلے بلا توقف گواہی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دی۔

(7) جواب: آپ کا یہ لقب زمانہ جاہلیت میں ہی مشہور ہو گیا تھا کیونکہ آپ ہمیشہ سچ بولتے تھے چنانچہ ابن مسعودی نے اس کا ذکر کیا ہے اور بعض کہتے ہیں کہ حضور کی ہیروات کی تصدیق میں آپ پیش دستی فرماتے تھے اس سے یہ لقب ہوا آپ کا

8 جواب: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ ماجدہ کا نام سلمیٰ تھا۔ الکا نسب: بنت صخر بن عامر بن کعب اور کنیت ام الخیر تھی اور آپ کی والدہ آپ کے والد بزرگوار کے چچا کی بیٹی تھی۔

9 جواب: حضرت ابوبکر صدیق حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پیدا ہونے سے دو سال چند ماہ کے بعد پیدا ہوئے۔

10 جواب: حضرت صدیق اکبر نے مکہ میں ہی نشوونما پائی اور سوائے ضرورت تجارت کے آپ کبھی مکہ سے باہر نہیں نکلے آپ اپنی قوم میں بڑے مالدار اور صاحب مروت تھے۔

11 جواب: زمانہ جاہلیت میں خون بہا اور جرمانہ کا کام حضرت صدیق اکبر کے پاس تھا۔

12 جواب: حضرت ابوبکر صدیق نے زمانہ جاہلیت میں بھی شراب نہیں پی۔

13 جواب: ایک شخص نے حضرت عائشہ سے عرض کیا کہ حضرت ابوبکر صدیق کا بیان

Scanned with CamScanner

کرتے۔ آپ نے فرمایا کہ آپ گورے رنگ والے شخص تھے، جسم کے دبلے تھے
رخساروں پر گوشت نہایت کم تھا، قد خمیدہ یعنی آدمیت و انسانیت تھا۔
یعنی آپ حیاء و وقار کے سبب سر نگوں رہتے تھے۔

14 جواب:۔ حیثمہ نے بسند صحیح زید بن ارقم سے روایت کی ہے کہ سب سے
پہلے حضرت ابوبکر صدیق نے ہی حضور کے ساتھ نماز پڑھی ہے۔

15 جواب:۔ ایک دن کعبہ کے صحن میں حضرت ابوبکر صدیق بیٹھے ہوئے تھے۔
اور زید بن عمر بن نفیل بھی وہیں بیٹھا تھا کہ اتنے میں امیہ بن ابی صلت
اس کے پاس سے گزرا اور کہا کہ اے بھلائی کے خواہاں! تم نے کس حال میں صبح کی ہے
وہ کہنے لگے اچھی حالت میں کی ہے۔ اس نے کہا تو نے کچھ معلوم کیا ہے؟ اس نے کہا
نہیں تو امیہ نے کہا۔

کل دین یوم القیامۃ الا ما قضی اللہ فی الحقیقۃ بور۔

ترجمہ: یعنی ہر ایک دین و مذہب قیامت کے دن فاسد ہو جائیں گے سوائے
اس مذہب کے جس کا فیصلہ حقیقت میں اللہ تعالیٰ نے کیا ہوگا۔

آگاہ ہو جا کہ نبی جس کا انتظار رہے ہم سے ہوگا یا تم سے ہوگا حضرت ابوبکر صدیق
فرماتے ہیں کہ اس سے قبل میں نے سنا تھا کہ کسی نبی کا انتظار ہو رہا ہے اور وہ
مبعوث ہوگا۔ ان کی یہ بات سن کر میں ورقہ بن نوفل کی طرف گیا۔ اور اسے ٹھہرا
کر امیہ بن ابی صلت کی بات کی اطلاع دی تو اس نے کہا ہاں اے بھائی! میں
اہل کتب و اہل علوم سے ہوں۔ آگاہ ہو جا یہ نبی جس کا انتظار ہے خاندان
وسط عرب سے ہے اور مجھے اس نسب کا علم ہے۔ تیری قوم خاندان وسط عرب
سے ہے پھر میں نے کہا اے چچا! وہ نبی کیا کہے گا؟ وہ کہنے لگا کہ خدا تعالیٰ کی
طرف سے جو اسے کہا جائے گا وہ فقط وہی کہے گا اور نہ وہ کسی پر ظلم کرے گا۔
پس جب حضور مبعوث ہوئے تو میں آپ پر ایمان لایا اور آپ کی تصدیق کی۔

16 جواب: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر سب سے پہلے ایمان لانے والے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے۔

17 جواب: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قبول اسلام سے لے کر وفات تک حضور کے ساتھ زندگی بسر کی۔

18 جواب: حضرت صدیق اکبر جنگ بدر میں اپنے بیٹے کی زد میں آئے۔

(19) جواب: بزار اپنی مسند میں بیان کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ مجھے بتاؤ کہ تمام لوگوں سے زیادہ شجاع کون ہے؟ انہوں نے کہا آپ (اس پر) آپ نے فرمایا کہ میں تو صرف اس شخص سے لڑتا ہوں جو شجاعت اور بہادری میں ہم پلہ ہے اور برابر ہے۔ اور یہ کوئی شجاعت نہیں تم مجھے تمام لوگوں سے زیادہ شجاع کا نام بتاؤ انہوں نے کہا کہ ہمیں ایسا شخص معلوم نہیں ہے۔ آپ نے فرمایا کہ شجاع ترین شخص حضرت ابوبکر صدیق ہیں۔

(20) جواب: حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مجھ پر سب سے زیادہ احسان حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہیں۔

21 جواب: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ تمام صحابہ سے بڑھ کر عالم اور ذکی تھے۔ نووی میں لکھتے ہیں کہ ہمارے علماء حضرت صدیق اکبر کی زیادتی علم پر ان کے اس قول سے جو صحیحین میں مذکور ہے دلائل لاتے ہیں کہ بخدا میں نے نماز اور زکوۃ میں فرق کیا میں ان سے ضرور لڑوں گا بخدا اگر انہوں نے مجھ سے اونٹ کے باندھنے کی رسی جسے وہ رسول اللہ کو دیا کرتے تھے روک لی تو اس حقیر سی چیز کے روکنے پر بھی میں ان سے لڑوں گا۔

22 جواب: ابن عمر سے لوگوں نے پوچھا کہ حضور اکرم کے زمانہ میں فتویٰ کون دیا کرتا تھا؟ آپ نے فرمایا! ابوبکر صدیق اور عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے سوا میں اور کسی کو نہیں جانتا کہ فتویٰ دیتا ہو۔

23 جواب:

Scanned with CamScanner

(24) جواب: ابن کثیر لکھتے ہیں کہ حضرت ابو بکر صدیق تمام صحابہ کرام سے قرآن مجید کو زیادہ سمجھتے تھے کیونکہ حضور نے تمام صحابہ کی موجودگی میں انہیں امام بنایا تھا اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ امامت وہ شخص کرائے جسے قرآن مجید کا سب سے زیادہ علم ہو۔

25 جواب: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صدیق اکبر کے بارے میں فرمایا کہ یہ زمین و آسمان پر خطا نہیں کر سکتے۔

26 جواب: سب سے افضل صحابہ میں سے حضرت ابو بکر صدیق ہیں۔

27 جواب: ابو یعلیٰ سے روایت کی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ جو شخص مجھے حضرت صدیق اکبر و عمر فاروق پر فضیلت دے گا میں اسے کذاب کی حد لگاؤں گا۔

28 جواب: حدیث صحیح کی دو قسمیں ہیں (1) صحیح لذاتہ (2) صحیح لغیرہ

29 جواب: حدیث حسن کی دو قسمیں ہیں (1) حسن لذاتہ (2) حسن لغیرہ۔

30 جواب: حضرت ابو بکر صدیق کی مدح میں حسان بن ثابت نے یہ شعر پڑھے۔

(1) شعر: وثانی اثنین فی الغار المنیف وقد

طاف العدو بہ اذ صعد الجبلا۔

ترجمہ: آپ غار بزرگ میں رسول اللہ کے اس وقت ہم نشین و رفیق رہے ہیں جبکہ دشمن پہاڑ پر چڑھتے ہوئے اس غار کے اردگرد پھیر رہے تھے۔

(2) شعر: وکان حب رسول اللہ قد علموا

من البریۃ لم یعدل بہ رجلا۔

ترجمہ: سب لوگ جانتے ہیں کہ آپ رسول اللہ کے رفیق اور محبوب ہیں اور پیغمبروں کے علاوہ تمام جہان سے کوئی شخص آپ کا ہم مرتبہ نہیں۔

(31) جواب: امام ترمذی اور احمد حضرات انس بن مالک سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ نے فرمایا میری امت پر سب سے زیادہ رحم کرنے والا ابو بکر صدیق ہے۔

Scanned with CamScanner

32 جواب: ابن ابی حاتم ابن مسعود سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت صدیق اکبر نے حضرت بلال کو امیہ بن خلف اور ابی بن خلف سے ایک چادر اور دس اوقیہ سے خرید کر اللہ عزوجل کیلئے آزاد کر دیا۔ اس پر یہ سورت نازل ہوئی۔ واللیل اذا یغشیٰ والنہار اذا تجلیٰ وما خلق الذکر والانثیٰ ان سعیکم لشتیٰ۔

33 جواب: فاما من اعطیٰ واتقیٰ یہ آیت ابوبکر صدیق کے حق میں نازل ہوئی۔

34 جواب: یہ آیت بھی حضرت ابوبکر صدیق کے حق میں نازل ہوئی جب آپ نے سات ایسے شخص آزاد کیے جنہیں خدا کی اطاعت اور قبول اسلام پر عذاب دیا جاتا تھا۔

35 بزار عبداللہ بن زبیر سے روایت کرتے ہیں کہ آیت: وما لاحد عندہ من نعمۃ تجزیٰ آخر سورہ تک حضرت ابوبکر صدیق کے حق میں نازل ہوئی۔

36 جواب: ولمن خاف مقام ربہ جنتان یہ آیت بھی حضرت صدیق اکبر کے حق میں نازل ہوئی۔

37 جواب: طبرانی اوسط میں ابن عمر اور ابن عباس سے روایت کرتے ہیں کہ وصالح المؤمنین: ترجمہ: اور نیک ایمان والے۔ اللہ تعالیٰ کا یہ قول حضرت ابوبکر صدیق کے حق میں نازل ہوا۔

38 جواب: رسول اللہ نے فرمایا ہر ایک نبی کیلئے امت میں سے خاص آدمی ہوتے ہیں اور صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے میرے خاص آدمی حضرت ابوبکر اور حضرت عمر ہیں۔

39 جواب: ابن داؤد اور حاکم حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ نے فرمایا اے ابوبکر! میری امت میں سے تم سب سے اول جنت میں داخل ہوگے۔

40 جواب: تین سو ساٹھ خصلتیں حضرت ابوبکر صدیق کے اندر پائی جاتی ہے۔

41 جواب: رسول اللہ نے فرمایا کہ حضرت ابوبکر صدیق کی محبت اور ان

Scanned with CamScanner

کا شکر تمام امت پر واجب ہے اور ایسی ہی حدیث سہل بن سعد سے بھی مروی ہے۔

42 جواب: عمر بن خطاب کے قول کے مطابق حضرت ابو بکر صدیق ہمارے سردار ہیں ۔

43 جواب:

44 جواب: بیہقی شعب الایمان میں حضرت عمر سے راوی ہیں کہ اگر حضرت ابو بکر صدیق کا ایمان تمام مخلوق و اہل ارض کے ساتھ تولا جائے تو حضرت صدیق اکبر کا ایمان بھاری نکلے۔

45 جواب: اس کو اس مثال سے تعبیر کیا کہ آپ بارش کی مثل ہیں جہاں واقع ہو نفع دیتی ہے۔

46 جواب: اللہ تعالیٰ نے حضرت ابو بکر صدیق کو چار ایسی خصلتوں سے خاص کیا ہے جن کے ساتھ اور کسی آدمی کو بھی خاص نہیں کیا۔ ایک تو ان کا نام صدیق رکھا اور ان کے علاوہ کسی کا نام صدیق نہیں رکھا۔ دوسرا یہ کہ آپ رسول کے ساتھ غار میں رہے۔ تیسرے یہ کہ ہجرت میں بھی آپ کے رفیق تھے۔ چوتھے یہ کہ تمام صحابہ کی موجودگی میں انہیں امامت کا حکم دیا گیا۔

47 جواب:

48 جواب: ثانی اثنین سے مراد ابو بکر صدیق ہیں۔

49 جواب: وفات کے وقت حضور کے چہرہ انور پر حضرت صدیق اکبر نے بوسہ دیا۔

50 جواب:

51 جواب: حضور کے جانشین صدیق اکبر تھے۔

52 جواب: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس مسئلہ کو حل فرمایا۔

Scanned with CamScanner

53 جواب: مسلمہ کذاب سے حضرت صدیق اکبر نے جنگ کی۔

54 جواب: [illegible] اس طرح فتح ہوا کہ حضرت ابوبکر صدیق نے خالد بن ولید
کو بصرہ کی طرف روانہ کیا جنہوں نے پہلے ابلہ کو فتح کیا اور بعد ازاں عراق
کے بہت سے شہروں کو صلح اور جنگ سے فتح کیا۔

55 جواب: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قرآن پاک کو جمع کرنے کا مشورہ دیا۔

56 جواب: زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں ایک دن حضرت عمر حضرت صدیق
کے پاس خاموش بیٹھے تھے کہ حضرت ابوبکر صدیق نے فرمایا اے زید تو عقلمند شخص
ہے ہم تمہیں کسی بات سے متہم بھی نہیں پاتے تم رسول اللہ کی وحی لکھا کرتے تھے اب
تم ہی کوشش سے قرآن مجید جمع کرو۔ حضرت زید کہتے ہیں کہ اگر مجھے کسی پہاڑ کے
اٹھانے کا حکم کرتے تو وہ مجھے آپ کے اس حکم سے ثقیل نہ ہوتا جیسا کہ قرآن کا
حکم مجھے ثقیل لگا۔ پھر میں نے کہا آپ دونوں وہ بات کیسے کر سکتے ہو جسے پیغمبر خدا نے
نہیں کیا۔ حضرت ابوبکر نے کہا بخدا یہ تو اچھی بات ہے مگر میں بار بار آپ سے
وہی بات عرض کرتا رہا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے ابوبکر و عمر کی طرح اس امر کے لیے میرا
سینہ کھول دیا پس میں قرآن مجید کو کپڑوں اور کاغذوں کے ٹکڑوں اور ہڈیوں
اور اونٹوں کے شانوں کی ہڈیوں اور کھجور کے تر و خشک پتوں اور آدمیوں کے سینوں
سے جمع کرنا شروع کیا۔ حتیٰ کہ سورۃ توبہ کی دو آیتیں لقد جاءکم سے آخر تک
مجھے خزیمہ بن ثابت کے سوائے کسی کے پاس نہ ملیں۔ پس یہی صحف جس میں
میں نے قرآن جمع کیا۔ حضرت صدیق اکبر کے پاس آپ کی وفات تک رہا ان کے بعد
حضرت عمر کے پاس اور ان کے بعد حفصہ بنت عمر کے پاس۔

57 جواب:

58 جواب: ابو یعلی کہتے ہیں کہ حضرت علی نے فرمایا کہ قرآن مجید کے بارے میں سب
سے زیادہ اجر حضرت صدیق اکبر کو ملے گا کیونکہ آپ نے ہی سب سے پہلے
قرآن شریف کو دفتین میں جمع کیا تھا۔

Scanned with CamScanner

59 جواب: حضور پر سب سے پہلے ایمان لانے والے صدیق اکبر ہیں۔

60 جواب: قرآن مجید کو سب سے پہلے صدیق اکبر نے جمع کیا۔

61 جواب: حضرت ابوبکر صدیق نے قرآن پاک کا نام سب سے پہلے مصحف رکھا۔

62 جواب: حضرت ابوبکر کے خلیفہ ہونے کے وقت 2 ہزار تنخواہ تھی۔

63 جواب: حضرت ابوبکر صدیق نے وفات کے وقت حضرت عائشہ کو وصیت کی اے میری بیٹی! ہم مسلمانوں کے امر کے والی رہے ہیں اور کسی درہم اور دینار کو نے فائدہ خرچ نہیں کیا بلکہ ہم دنیا کا گزارہ کرتے رہے ہیں۔ اور سخت اور موٹے کپڑے پہنتے رہیں ہیں اور اب ہمارے پاس مسلمانوں کے مال میں سوائے اس حبشی غلام اور آب کشی اونٹ اور اس کہنہ چادر کے کوئی اور چیز نہیں رہی جب میں مر جاؤں تو یہ چیزیں حضرت عمر کے پاس بھیج دینا۔

64 جواب: سب سے پہلے حضرت ابوبکر صدیق نے بیت المال مقرر کیا۔

65 جواب: حضرت صدیق اکبر کا لقب عتیق ہے۔

66 جواب: ابن عساکر ابو صالح غفاری سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر کا قاعدہ تھا کہ وہ روزرات کے وقت ایک بڑی بوڑھی اور نابینا عورت کی جو اطراف مدینہ میں کہیں رہتی تھیں خبر گیری کیا کرتے تھے اور اس کا کام کاج کر آیا کرتے تھے اور اسے پانی وغیرہ لا دیا کرتے تھے۔ لیکن جب آپ آتے تو دیکھتے کہ پہلے ہی ایک شخص اس کا کام کاج کر چکا ہوتا آپ کئی دفعہ جلدی آئے مگر اس سے پیش دستی نہ ہو سکی آخر ایک رات حضرت عمر اس بات کی تاک میں رہے کہ دیکھیں کون شخص ہیں؟ دیکھا تو حضرت ابوبکر صدیق ہی ہیں جو اس کے پاس تشریف لایا کرتے ہیں اور ان ایام میں آپ خلیفہ تھے۔ حضرت عمر نے انہیں دیکھ کر فرمایا خدا یہ آپ ہی تھے۔

67 جواب: حضور نبی کریم نے حضرت ابوبکر صدیق کو اسلام کے پہلے حج میں عامل مقرر کیا۔

68 جواب: حضرت صدیق اکبر کی وفات کا سبب رسول اکرم کے فوت ہونے کا غم ہوا اس صدمے سے آپ کا جسم نحیف اور کمزور ہو گیا حتیٰ کہ آپ وفات پا گئے۔

69 جواب: واقدی نے کئی طریقوں سے روایت کی ہے کہ جب حضرت صدیق اکبر
بیمار ہوئے تو عبدالرحمن بن عوف کو بلوایا اور کہا کہ حضرت عمر کی بابت خبر دیجئے کہ
کیسے ہیں؟ انہوں نے عرض کیا کہ آپ مجھ سے وہ بات پوچھتے ہیں جیسے آپ مجھ سے زیادہ
جانتے ہیں حضرت ابوبکر نے کہا اگرچہ میں جانتا ہوں آخر تم بھی کچھ کہو. عبدالرحمن نے کہا کہ
آپ کی جو ان کے بارے میں رائے ہے وہ اس سے بھی افضل ہیں. پھر آپ نے حضرت عثمان
کو بلوایا اور فرمایا کہ حضرت عمر کے حالات کی مجھے خبر دو. انہوں نے عرض کیا کہ آپ ان کی
بابت ہم سے بہتر جانتے ہیں پھر آپ نے حضرت علی کو بلوایا تو انہوں نے بھی حضرت عثمان
کا سا جواب دیا اس کے بعد حضرت صدیق اکبر نے فرمایا اے اللہ! میں حضرت عمر کی بابت
یہی جانتا ہوں کہ ان کا باطن ان کے ظاہر سے اچھا ہے اور ہم میں ان جیسا کوئی بھی نہیں
ہے تو پھر حضرت ابوبکر صدیق نے حضرت عمر کو خلیفہ بنایا.

70 جواب: حضرت ابوبکر صدیق نے حضرت عمر کی اس طرح وصیت کی کہ آپ نے
اپنے دونوں ہاتھ اٹھا کر دعا کی اور کہا اے اللہ میں نے حضرت عمر کے خلیفہ
بنانے سے صرف لوگوں کی بہتری ہی چاہی ہے اور فتنہ سے ڈر کر میں نے وہ
کام کیا جسے تو اچھی طرح جانتا ہے میں نے اپنی رائے کے مطابق
لوگوں پر ان سب سے بہتر قوی تر اور سب سے زیادہ نیکی پر
حریص شخص کو خلیفہ بنایا ہے.

71 جواب: ابن سعد اور حاکم ابن مسعود سے روایت کرتے ہیں کہ
تین شخص سب سے دانا تھے ایک تو حضرت صدیق اکبر کہ انہوں
نے حضرت عمر کو خلیفہ بنایا اور دوسرے حضرت موسیٰ کی بیوی کہ
جنہوں نے اپنے باپ سے عرض کیا تھا کہ انہیں اجرت دو اور تیسرے
عزیز مصر کہ اس نے حضرت یوسف علیہ السلام کو دیکھ کر اپنی
بیوی کو کہا تھا کہ اسے اچھی طرح سے رکھنا.

72 جواب: ابن عساکر یسار بن حمزہ سے راوی ہیں جب حضرت صدیق
اکبر بیمار ہوئے تو آپ نے اپنے گھر کے دریچے سے باہر دیکھ کر فرمایا

اس گو میں نے ایک وصیت کی ہے کیا تم ا۳ سے رافضی ہو گئے ہو۔ سے رے

جواب دیا اے خلیفہ رسول ہم سب رافضی ہیں مگر حضرت علی کھڑے

ہو کر کہا اگر وہ وصیت حضرت عمر کے بارے میں ہے تو پھر ہم رافضی ہیں

ورنہ نہیں حضرت صدیق نے کہا کہ وہ حضرت عمر ہی تو ہیں۔

73 جواب: آپ نے اس طرح وصیت کی کہ جب آپ کی وفات قریب

ہوئی تو فرمایا اے میری بیٹی مجھے تیرا امیر ہونا تمام لوگوں کے

امیر ہونے سے زیادہ پسند ہے اور تمہاری محتاجی تمام لوگوں کی

محتاجی سے بہت بری معلوم ہوتی ہے میں نے تمہیں ایک کھجور کا

کا درخت مہیا کیا تھا جس سے 20 وثق کھجوریں اترا کرتی تھیں

اگر تو نے اس سے کچھ کھجوریں لی ہیں تو وہ تمہاری ملک ہوئی اور

اب وہ درخت وارثوں کا مال ہے اور وہ تمہارے دونوں بھائی اور

دونوں بہنیں ہیں۔ پس قرآن کے موافق اسے تقسیم کر لینا۔

74 جواب: ابن سعد عروہ سے راوی ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق نے

اپنے مال کا خمس (پانچواں حصہ) راہ خدا میں خرچ کرنے کی وصیت

فرمائی۔

75 جواب: سعد بن منصور اپنے سنن میں خباب سے راوی ہیں

کہ حضرت ابوبکر نے اپنا خمس مال صرف ان لوگوں کو دیا تھا جو

ان کے بالکل قرابت دار تھے۔

76 جواب: حضرت ابوبکر صدیق نے وصیت کی کہ میری بیوی اسماء

مجھے نہلائے اور عبدالرحمن میرا لڑکا اسکی مدد کرے۔

77 جواب: حضرت عمر نے آپ پر نماز جنازہ پڑھی اور چار بار تکبیر کہی

اور حضرت عائشہ کو وصیت کی کہ مجھے حضور کے پہلو میں دفنانا

اور انہیں حضور کے پہلو میں ہی دفن کیا گیا۔

78 جواب: حضرت ابوبکر صدیق نے وصیت کی کہ مجھے حضور کے پہلو

Scanned with CamScanner

میں دفنایا جائے.

79 جواب: علماء لکھتے ہیں کہ کوئی بھی شخص سوائے حضرت ابوبکر صدیق کے اپنے والد کی زندگی میں خلیفہ نہیں ہوا.

80 جواب: حضرت ابوبکر صدیق نے دو سال سات ماہ خلافت کے امور کو سرانجام دیا.

81 جواب: حضرت ابوبکر صدیق سے ایک سو بیالیس حدیثیں مروی ہیں.

82 جواب: ایک شخص حضرت صدیق اکبر کے پاس آیا اور کہا کیا زنا بھی تقدیر خدا سے ہوتا ہے؟ آپ نے فرمایا ہاں اس شخص نے کہا کہ جب خدا تعالیٰ نے اسے میری تقدیر میں لکھا ہے تو مجھے عذاب کیوں دے گا؟ آپ نے فرمایا ہاں اے مردار کے بیٹے! عذاب کرے گا بخدا اگر میرے پاس کوئی شخص موجود ہوتا تو میں اسے حکم دیتا کہ تیری ناک کاٹ ڈالتا.

83 جواب: ابن ابی شیبہ اور دار قطنی سالم بن عبید سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوبکر مجھ سے فرمایا کرتے تھے کہ آؤ میرے ساتھ عبادت میں مشغول رہو حتیٰ کہ صبح ہو جائے

84 جواب: 17 اونٹ کی دیت مقرر کی.

85 جواب:

86 جواب: حضرت ابوبکر صدیق ایک میں تشریف لے گئے تو وہاں آپ نے ایک چڑیا کو سائے میں بیٹھے دیکھ کر حسرت سے ایک آہ کھینچ کر فرمایا. اے جانور! تجھے مبارک ہو کہ تو درختوں سے پھل کھاتا ہے اور ان کے سائے میں آرام کر لیتا ہے اور تجھ سے کسی بات کا حساب نہ ہوگا. کاش کہ ابوبکر تیرے جیسا ہوتا.

87 جواب: ابن سعد محمد بن سیرین سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ کے بعد اس امت میں سب سے بڑھ کر تعبیر دان حضرت صدیق اکبر تھے.

88 جواب: حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صدیق اکبر سے فرمایا میں بڑا ہوں یا تم؟ آپ نے عرض کیا کہ آپ مجھ سے بڑے اور بزرگ ہیں اور میں عمر میں آپ سے بڑا ہوں.

Scanned with CamScanner

# حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ

89 حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا نام عمر بن خطاب بن نفیل بن عبدالعزی بن ریاح بن قرط بن رزاہ بن عدی بن کعب بن لوی ہے

90 حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے 27 سال کی عمر میں اسلام قبول کیا

91 حضرت عمر رضی اللہ عنہ عام الفیل کے تیرہ سال بعد پیدا ہوئے

92 بعض کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ انتالیس مردوں اور تیئس عورتوں کے بعد ایمان لائے اور بعض پینتالیس مردوں اور گیارہ عورتوں کے بعد کا بیان کرتے ہیں

93 رسول اللہ علیہ السلام سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پانچ سو انتالیس حدیثیں روایت کی ہیں

94 حضور علیہ السلام نے دعا کرتے ہوئے فرمایا: کہ اے اللہ عمر بن خطاب اور ابو جہل بن ہشام میں سے جو تجھے زیادہ محبوب ہے اسے مسلمان کر کے اسلام کو غلبہ عطا فرما

95 حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اسلام کی طرف مائل ہونے کا باعث اس طرح ہے جیسے کہ انہوں نے خود بیان فرمایا ایک رات میری ہمشیرہ کو دردِ زہ شروع ہوا تو میں اپنے گھر سے نکل کر کعبہ کے پردوں میں جا داخل ہوا تھوڑی دیر بعد آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام تشریف لائے اور خانہ کعبہ کی طرف جانب سے داخل ہوئے آپ علیہ السلام پر پشم کی ایک موٹی سی چادر تھی پھر آپ علیہ السلام نے نماز پڑھی اس میں ایسے کلمات پڑھے جنہیں میں نے کبھی نہیں سنا پھر آپ باہر تشریف لائے تو میں آپ کے پیچھے چل دیا آپ نے مجھے مڑ کر فرمایا کون ہے؟ میں نے کہا عمر آپ علیہ السلام نے فرمایا اے عمر تم رات دن کسی وقت میرا پیچھا چھوڑتے ہو یا بھی نہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں آپ کی بددعا سے ڈر گیا اور میں نے کہا اشھد ان لا الہ الا اللہ واشھد انک رسول اللہ آپ علیہ السلام نے فرمایا اے عمر اسے پوشیدہ

دکھ میں نے عرض کیا مجھے اس خدا کی قسم جس نے آپ علیہ السلام
کو حق دے کر بھیجا ہے۔ میں تو اسے ظاہر کروں گا جیسے کہ شرک ظاہر
کیا کرتا تھا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ مجھ 94
سے تین روز پہلے مسلمان ہوئے تھے اس کے تین دن کے بعد میں گھر سے نکلا
تو راستے میں ایک مخزومی شخص مجھے ملا میں نے اسے کہا کہ تو نے
اپنے آباؤ اجداد کے دین کو چھوڑ کر محمد علیہ السلام کا دین کیوں
قبول کر لیا ہے؟ اس نے کہا اگر میں نے ایسا کیا ہے تو اسے ایک ایسے شخص
نے بھی کیا ہے جس پر تمہارا حق بہت زیادہ ہے میں نے کہا کہ وہ کون
ہے؟ اس نے کہا تیرا بہن اور تیرا بہنوئی یہ سن کر میں ان کے گھر کی
طرف روانہ ہوا وہاں مجھے کچھ گنگنانے کی آواز آئی میں نے اندر جا کر
پوچھا یہ کیا بات ہے؟ غرض اسی طرح بات بڑھ گئی ہے اور میں نے
اپنے بہنوئی کا سر پکڑ کر ایسا مارا کہ خون نکل آیا اس پر میری
بہن نے اٹھ کر مجھے سر سے پکڑ لیا اور کہا کہ یہ امر تیری منشاء کے
برخلاف ہوا ہے جس وقت میں نے خون بہتا دیکھا تو مجھے بھی شرم آ
گئی اور میں بیٹھ گیا اور کہا کہ اچھا مجھے وہ کتاب دکھاؤ میری
ہمشیرہ نے کہا کہ اسے پاک لوگ ہی اسے ہاتھ لگا سکتے ہیں پس میں نے
غسل کیا تو انہوں نے وہ صحیفہ دیا جس میں سورۃ طٰہٰ کی پہلی چند
آیات لکھی ہوئی تھیں۔ یہ آیات پڑھ کر میرے دل میں اس کی
عظمت بیٹھ گئی ہے اور میں نے کہا کہ کیا قریش اس سے بھاگتے
ہیں پھر میں اسلام لے آیا اور دریافت کیا رسول اللہ علیہ السلام
اس وقت کس جگہ تشریف رکھتے ہیں میری ہمشیرہ نے کہا آپ علیہ السلام
اس وقت ارقم کے گھر تشریف فرما ہیں میں وہاں سے نکل کر
ارقم کے گھر آیا اور دروازے پر دستک دی میری آواز سن

کر سب لوگ جمع ہو گئے تو حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ نے کہا
کیا معاملہ ہے؟ انہوں نے کہا عمر دروازے پر کھڑا ہے آپ نے
کہا عمر ہے اچھا دروازہ کھول دو اگر وہ سیدھی طرح آئے تو بہتر
ورنہ اسے قتل کر دیا جائے گا یہ بات رسول اللہ علیہ السلام نے بھی
سنی آپ باہر تشریف لے آئے اور میں نے فوراً کلمہ شہادت
پڑھا یہ دیکھ کر گھر والوں نے اس زور سے تکبیر کہی کہ سب مکہ والوں
نے سنی پھر میں نے عرض کیا یا رسول اللہ علیہ السلام کیا ہم حق پر نہیں
ہیں؟ آپ نے فرمایا کیوں نہیں میں نے عرض کیا کہ پھر کیوں
پوشیدہ رکھیں؟ پھر ہم دو صفیں بنا کر نکلے ایک صف کے آگے
حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ تھے اور دوسری صف کے آگے میں تھا
ہم اس طرح مسجد میں داخل ہوئے جب قریش نے مجھے
اور حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو دیکھا تو انھیں نہایت صدمہ
پہنچا اس دن سے رسول پاک علیہ السلام نے میرا نام فاروق
رکھا کیونکہ اسلام ظاہر ہو گیا اور حق اور باطل میں فرق
ہو گیا۔

97 حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا لقب فاروق حضور علیہ السلام
نے رکھا

98 جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ مشرف باسلام ہوئے تو حضرت جبرائیل
علیہ السلام نازل ہوئے اور عرض کی اے محمد علیہ السلام اہل آسمان
حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے مشرف باسلام ہونے کی مبارکباد دیتے ہیں

99 حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اسلام لانے سے مشرکین کی قوت آدھی رہ گئی

100 حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب
سے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ مشرف باسلام ہوئے اس
وقت سے ہم باعزت ہی رہے ہیں

Scanned with CamScanner

101 حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے سب سے پہلے اسلام کو ظاہر کیا

102 حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جب ہجرت کا ارادہ کیا تو تلوار کو
گلے میں ڈالا اور کمان کو کندھے کے ساتھ لٹکایا اور ترکش سے تیر
کو نکال کر ہاتھ میں پکڑ لیا پھر آپ خانہ کعبہ میں آئے اور اس وقت
وہاں اشراف قریش بیٹھے ہوئے تھے آپ نے سات بار طواف کیا اور
مقام ابراہیم میں دو رکعت نماز پڑھی پھر قریش کے گرد حلقہ پاس
آئے اور ایک ایک کو مخاطب کر کے فرمایا خدا کرے یہ منہ کالے
ہوں جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کی ماں اسے گم کرے اور اس کی اولاد
یتیم ہو اور اس کی عورت بے شوہر ہو جائے اسے چاہیئے کہ میدان میں
آئے مگر کوئی شخص بھی آپ کے پیچھے نہ آیا

103 حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے آنے سے شیطان رستہ چھوڑ دیتا ہے

104 بقول مصطفیٰ کریم علیہ السلام اس امت کے ملہم من اللہ حضرت عمر
رضی اللہ عنہ ہیں

105 رسول اکرم علیہ السلام نے فرمایا اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو حضرت
عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ہوتے

106 حضرت ابوذر روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ علیہ السلام کو فرماتے
ہوئے سنا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی زبان اور دل پر
سچ کو رکھ دیا

107 بقول مصطفیٰ کریم علیہ السلام حق میرے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے
ساتھ ہوگا جہاں بھی وہ ہوں

108 حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا روئے زمین پر مجھے حضرت
عمر رضی اللہ عنہ سے بڑھ کر کوئی شخص عزیز نہیں

109 ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ اگر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا علم
ایک پلڑے میں اور باقی لوگوں کا علم دوسرے پلڑے میں رکھا

Scanned with CamScanner

جاتا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا علم سب سے بڑھ کر رہتا اور لوگ خیال کرتے ہیں کہ نو حصے علم حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو عطا ہوا ہے۔

110. ایک دفعہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ذکر ہوا تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا آپ بڑے ذکی اور تیز فہم تھے۔

111. حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جب صالحین کا ذکر ہو تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو فراموش نہ کرو کیونکہ وہ ہم سب سے کتاب اللہ کے زیادہ واقف اور دین کی زیادہ سمجھ رکھنے والے تھے۔

112. حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کعب بن احبار رضی اللہ عنہ کو فرمایا تورات میں میری صفت کیسی لکھی ہے انہوں نے کہا آپ کی صفت میں لکھا ہے وہ ایک لوہے کا سینگ ہوں گے آپ نے کہا کہ لوہے سے سینگ سے کیا مراد ہے انہوں نے کہا کہ اس سے مراد ایک نہایت سخت اور بارعب امیر ہے جو خدا تعالیٰ کے معاملہ میں ملامت گر کی ملامت قبول نہ کرے گا۔

113. حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ لوگوں پر چار چیزوں کے سبب فضیلت دئیے گئے۔

114. حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خلافت میں شیاطین مقید تھے۔

115. حضرت ابوبکر صدیق و عمر رضی اللہ عنہما اسلام کے مال اور باپ تھے۔

116. قرآن مجید میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی رائے سے کئی ایک رائیں ہیں ان میں سے ایک یہ ہے حضرت عمر نے عرض کی یا رسول اللہ اگر ہم مقام ابراہیم کو جائے نماز بنائیں تو اس پر یہ آیت نازل ہوئی:

واتخذوا من مقام ابراهيم مصلى.

117 یہ آیت مبارکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حق میں نازل ہوئی

118 اس کا واقعہ یوں ہے کہ ایک دفعہ حضرت عمر سوئے ہوئے تھے کہ آپ کا
غلام بے دھڑک اندر چلا آیا آپ نے دعا کی اے اللہ بے اذن
داخل ہونے کو حرام کر دے اس پر آیت استیذان نازل ہوئی

119 جب کوئی شخص حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے بات کرتا اور اس میں
کچھ جھوٹ بیان کرنے لگتا تو آپ سے فرماتے بات کو بند کرو پھر وہ کوئی
اور بات کہنی شروع کرتا تو آپ فرماتے اس سے بھی خاموش رہو تو وہ
شخص کہتا کہ جب میں آپ سے سچ کہنے لگا ہوں تو آپ فرماتے ہاں
خاموش رہو۔

120 حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ لوگوں کی جھوٹی بات کو جان لیتے۔

121 جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کسی کو حاکم بنا کر بھیجتے تھے تو آپ اس
سے یہ شرط لکھوا لیتے کہ وہ شخص کبھی ترکی گھوڑے پر سوار نہ ہو اور میدہ
کی روٹی نہ کھائے اور باریک کپڑا نہ پہنے اور اہل حاجت کیلئے اپنا
دروازہ بند نہ کرے اگر ان میں سے کوئی بات کرے گا تو اسے سزا ملے گی۔

122 حضرت عمر رضی اللہ عنہ خلیفہ ہونے کی حالت میں ایک پشمینہ کا جبہ
پہنا کرتے تھے جس میں بعض چمڑے کے پیوند لگے ہوئے تھے

123 حضرت عمر فاروق کندھے پر درہ ڈالے ہوئے بازاروں میں
چکر لگایا کرتے تھے۔

124 حضرت عمر رضی اللہ عنہ جب تلاوت قرآن مجید میں کسی آیت عذاب
کو پڑھتے تو مارے خوف کے ایسے گر جاتے کہ کئی روز تک لوگ عیادت کو آیا کرتے

125 حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں ایک باغ میں گیا تو میرے اور
حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے درمیان ایک دیوار حائل تھی اور آپ کہہ رہے
تھے اے عمر بن خطاب تم اللہ سے ڈرو ورنہ خدا تعالیٰ تجھے
عذاب کرے گا۔

Scanned with CamScanner

126: حضرت عمر رضی اللہ عنہ بحالتِ خلافت بھی تجارت کیا کرتے تھے۔

127: اسلم کہتے ہیں میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا ہے آپ نے گھوڑے کا ایک کان اپنے ہاتھ میں پکڑ رکھا ہوتا اور دوسرے ہاتھ سے اپنا کان پکڑا ہوتا پھر گھوڑے پر سوار ہوتے۔

128: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا سب سے آسان بات جو میں کسی قوم کی اصلاح کیلئے کر سکتا ہوں وہ یہ ہے کہ میں اُن کے حاکم کو بدل دوں۔

129: حضرت عمر رضی اللہ عنہ عام الرمادہ میں روغن اور زیتون کھاتے تھے۔

130: حضرت عمر فاروق کی والدہ کا نام حنتمہ تھا۔

131: حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت صدیق اکبرؓ کی وفات کے روز یعنی سہ شنبہ (منگل) کو جمادی الاخریٰ کی بائیس تاریخ کو خلیفہ ہوئے۔

132:

133: قادسیہ اور مصر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں فتح ہوئے قادسیہ جنگ سے اور مصر غلبہ سے فتح ہوا۔

134: اسلم کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دعا فرمائی اے اللہ مجھے اپنی راہ میں شہادت عطا فرما اور اپنے نبی کے شہر میں مجھے موت نصیب فرما۔

135: حضرت عمر رضی اللہ عنہ اکثر شہادت کی دعا مانگا کرتے تھے۔

136: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ پر خونی وار ابو لؤلؤ نے کیا۔

137: قاتل نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو ناف کے نیچے اور کوکھ پر زخم لگائے۔

138 حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے خلافت کو حضرت عثمان، حضرت علی
حضرت طلحہ، حضرت زبیر، حضرت عبدالرحمن بن عوف اور حضرت
سعد رضی اللہ عنہم کے مشورے پر چھوڑا ہے اور آپ نے ان کو
تین دن کی مہلت دی۔

139 لوگوں نے عرض کی اے امیرالمومنین کوئی وصیت کیجئے اور کسی
کو خلیفہ فرما دیجئے آپ نے فرمایا خلافت کیلئے میں اُن چھ شخصوں
سے زیادہ کسی کو مستحق نہیں سمجھتا جن سے انتقال فرماتے وقت
حضور علیہ السلام راضی رہے پھر آپ نے اُن چھ شخصوں کا نام لیا

140 لوگوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو آپ کے دونوں صاحبوں
یعنی حضور علیہ السلام اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ساتھ دفن
کر دیا۔

141

142 حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو چھبیس ذوالحج بروز چہارشنبہ (بدھ) زخم
آئے تھے اور بروز یکشنبہ (اتوار) محرم کی چاند دکھائی دینے کی رات دفن ہوئے

143 حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی وفات کے وقت عمر تریسٹھ برس کی تھی
بعض کہتے ہیں چھیاسٹھ برس کی تھی۔

144 حضرت صہیب رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ
پڑھائی

145 حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی انگوٹھی کا نقش یہ تھا
کفیٰ بالموت واعظا (نصیحت کے طور پر موت ہی کافی ہے)

146 اسلام اُس وقت کمزور ہو گیا جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو
شہید کیا گیا۔

147 حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی وفات پر سورج کو گرہن لگ گیا

148 سب سے پہلے امیرالمومنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو کہا گیا

Scanned with CamScanner

149 ہجری تاریخ سب سے پہلے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے
مقرر فرمائی۔

150 ہجو لکھنے پر سب سے پہلے حد حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ
نے لگائی۔

151 نماز تراویح کی جماعت کا اہتمام سب سے پہلے حضرت عمر رضی
اللہ عنہ نے کیا۔

152 سب سے پہلے متعہ کو حرام حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کیا۔

153 امّ ولد کی بیع کو سب سے پہلے حضرت عمر رضی اللہ عنہ
نے منع کیا۔

154 سب سے پہلے گھوڑوں کی زکوٰۃ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لی

155 سب سے پہلے درّہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایجاد کیا

156 خلیفہ ہونے کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پہلی بات جو
منبر پر کھڑے ہو کر کہی وہ یہ تھی کہ اے اللہ میں سخت ہوں مجھے نرم
کر دے اور میں ضعیف ہوں مجھے قوی کر دے اور میں بخیل ہوں
مجھے سخی بنا دے۔

157 حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک دفعہ فرمایا میں نہیں جانتا
کہ میں خلیفہ ہوں یا بادشاہ اگر میں بادشاہ ہوں تو یہ بہت
خطرناک بات ہے کسی نے حاضرین میں سے عرض کی اے امیر المومنین
بادشاہ اور خلیفہ میں فرق ہے آپ نے فرمایا کیا فرق ہے؟ اس نے
عرض کیا خلیفہ تو واجبی مال ہی لیتا ہے اور اسے واجبی جگہ پر ہی
خرچ کرتا ہے اور آپ خدا تعالیٰ کے فضل سے ایسے ہی ہیں اور بادشاہ
لوگوں کا مال ظلم سے لیتا ہے اور دوسروں کو دیتا ہے آپ یہ سن
کر خاموش رہے۔

158: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ عامل سے چار ماہ باہر رہنے
کی اجازت دی

159:

160 حضرت عثمان بن عفان بن ابو العاص بن امیہ بن عبد شمس بن عبد مناف
بن قصی بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب القرشی الاموی

161 آپ رضی اللہ عنہ نرم مزاج کی کیفیت کے مالک تھے

162 آپ رضی اللہ عنہ عام الفیل کے چھے سال بعد پیدا ہوئے ابتداء ہی میں اسلام لائے

163 آپ رضی اللہ عنہ نے دو ہجرتیں کیں (1) پہلی حبشہ (2) مدینہ کی طرف

164 حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا سے نکاح نبوت سے پہلے ہی ہو گیا تھا

165 غزوہ بدر میں حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا کا انتقال ہو گیا اور انہی کی تیمار
داری کے باعث حضور علیہ السلام کی اجازت سے غزوہ بدر میں شریک نہ ہوئے

166 حضرت ام کلثوم کا انتقال 9 ہجری میں ہوا

167 جس وقت جنگ بدر میں مسلمانوں کی فتح کی خبر مدینہ منورہ میں پہنچی
تو اس حضرت رقیہ کو دفن کیا تھا اس کے بعد حضور علیہ السلام نے حضرت
ام کلثوم کا نکاح حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے کر دیا

168 ذوالنورین حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا لقب ہے

169 ابن عباد کہتے ہیں کہ خلفاء سے قرآن حضرت عثمان اور معاون
نے ہی جمع کیا

170 مناسک حج کو سب سے زیادہ حضرت عثمان ہی جانتے تھے

171 (1) ذوالنورین اس لیے کہتے ہیں کہ وہ جنت کی ایک منزل سے دوسری منزل کی طرف منتقل ہوں گے
(2) حضرت آدم سے لے کر اس وقت تک حضرت عثمان کے سوا کسی شخص کے نکاح
میں پیغمبر کی دو بیٹیاں نہیں آئیں اس لیے انہیں ذوالنورین کہتے ہیں۔

172 جاہلیت کے زمانہ میں حضرت عثمان کی کنیت ابو عمرو تھی

173 حضرت عثمان رضی اللہ عنہ میانہ قد تھے نہ چھوٹے اور نہ لمبے تھے

Scanned with CamScanner

نہایت خوبصورت تھے رنگ سرخی مائل گورا تھا چہرے پر چیچک کے داغ تھے داڑھی گھنی تھی۔ جوڑ بڑے بڑے اور سینہ فراخ تھا۔ پنڈلیاں گوشت سے پُر تھیں بازو لمبے تھے اور ان پر بال تھے۔ سر کے بال گھنگھریالے تھے دانت بہت خوبصورت تھے آپ کی کنپٹیوں کے بال کانوں کے نیچے سے لٹکتے تھے زرد خضاب لگایا کرتے تھے دانتوں کو سونے کی تار سے باندھا ہوا تھا۔

174 جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی صاحبزادی کا ام کلثوم کا عقد حضرت عثمان سے کیا تو آپ نے انھیں فرمایا تیرا خاوند تیرے دادا ابراھیم علیہ السلام اور تیرے باپ محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے سب سے زیادہ مشابہ ہیں

175 جب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی دوسری صاحبزادی جو حضرت عثمان کے نکاح میں تھیں فوت ہوئیں تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حضرت عثمان کا نکاح کر دو۔ میرے پاس اگر میری تیسری بیٹی ہوتی تو میں اس کا نکاح ان سے کر دیتا اور میں نے اپنی بیٹیوں کا نکاح ان سے بذریعہ وحی کیا

176 نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فرشتے حضرت عثمان سے حیاء کرتے ہیں۔ جیسے خدا تعالی اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے حیا کرتے ہیں۔

177 حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دفن کرنے کے تین رات بعد حضرت عثمان سے بیعت کی گئی

178 25 ہجری کو آپ نے سعد کو کوفہ سے معزول کر کے ولید بن عقبہ بن ابی معیط جو والدہ کی طرف سے آپ کے بھائی تھے وہاں کا حاکم مقرر کیا اور اس سے سب سے پہلا الزام حضرت عثمان پر قائم کیا گیا۔ چونکہ آپ نے اقربا کو حاکم بنانا اختیار کیا کہتے ہیں کہ ولید بن عقبہ ایک دن نشے کی حالت میں تھے تو آپ نے چار رکعتیں پڑھا دیں اور پھر لوگوں کی طرف متوجہ ہو کر کہا کیا اور پڑھا دوں؟

179 29 ہجری کو اصطخر اور فسا، وغیرہ علاقے فتح ہو تو اسی سال حضرت عثمان نے مسجد نبوی کی توسیع کی۔

180 ذی الحجہ کو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ شہید کر دیے گئے۔

181 صحابہ کرام حضرت عثمان کے گھر کی اطراف آپ کی حفاظت کے لیے کھڑے تھے
اتنے میں محمد بن ابی بکر دیوار پھلانگ کر اندر آیا اور حضرت عثمان کی
داڑھی پکڑ لی تو حضرت عثمان نے فرمایا اگر تیرے والد اس فعل کو دیکھتے تو
برا مناتے تو اس نے چھوڑ دیا۔ اتنے میں دو شخص اور دیوار پھاند کر
اندر آئے اور حضرت عثمان کو شہید کر دیا جس راستے سے آئے تھے اسی سے چلے گئے

182 جب حضرت علی کو یہ خبر پہنچ گئی کہ وہ حضرت عثمان کے قتل کا ارادہ کر رہے ہیں
آپ نے فرمایا کہ ہم تو ان سے صرف مروان کو طلب کرتے ہیں۔ حضرت عثمان غنی کی
کے قتل کو تو نہیں چاہتے پھر آپ نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت حسین
رضی اللہ عنہ کو فرمایا کہ اپنی تلوار لے کر حضرت عثمان کے دروازے پر کھڑے
ہو رہو اور کسی کو اندر نہ آنے دو اور زبیر اور طلحہ اور دیگر کئی صحابہ نے اپنے
لڑکوں کو بھیجا کہ وہ کسی کو حضرت عثمان کے گھر میں داخل نہ ہونے دیں اور
اور ان سے مروان کے حوالے کر دینے کے بارے میں گفتگو کریں

183 حضرت عثمان کو اہل مصر سے ایک شخص نے قتل کیا تھا جس کی آنکھیں کرنجی
اور رنگ سرخ تھا اس کو حمار کہتے تھے۔

184 ابن سعد سے مروی ہے کہ حضرت عثمان کی شہادت کے دوسرے دن ہی تمام
صحابہ نے مدینہ میں حضرت علی سے بیعت کی۔

185 بعض کہتے ہیں کہ حضرت عثمان غنی بدھ کو شہید ہوئے اور بعض کہتے ہیں
26 ذوالحج بروز اتوار اور آپ کی عمر اس وقت 82 برس اور بعض
کہتے ہیں 81 برس ایک قول 84 اور ایک قول 86 ایک 88 ایک 89
اور ایک قول کے مطابق 90 برس تھی۔

186 سب سے پہلا فتنہ حضرت عثمان کو شہید کر دیا جانا ہے

187 حضرت عثمان کی انگوٹھی کا نقش اٰمنت بالذی خلق فسوّیٰ تھا

188 حاجب سب سے پہلا حضرت عثمان نے مقرر کیا۔

189 مؤذنوں کی تنخواہ اور جمعہ کی پہلی آذان حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے مقرر کروائی۔

190 حضرت عثمان رضی اللہ عنہ پہلے خلیفہ تھے جو اپنی والدہ کی زندگی میں خلیفہ مقرر ہوئے۔

191 سب سے پہلے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اپنے اہل و عیال کو ساتھ لیکر ہجرت کی اور ایک ہی قرات پر لوگوں کو متفق کیا۔

Scanned with CamScanner

# حضرت علی رضی اللہ عنہ

حضرت علی بن ابی طالب کا نام علی بن ابی طالب تھا آپ کے والد کا نام ابو طالب عبد مناف کے نام سے مشہور تھے اور عبد مناف عبد المطلب کے بیٹے تھے۔ وہ ہاشم کے بیٹے تھے اور وہ عبد مناف کے بیٹے تھے اور وہ قصی کے بیٹے تھے اور وہ مرہ بن کعب کے بیٹے تھے 192

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی کنیت ابو الحسن اور ابو تراب تھی۔ اور ابو تراب آپ کی کنیت حضور علیہ السلام نے رکھی 193

حضرت علی حضور علیہ السلام کے اور دینِ اسلام کے چوتھے خلیفہ تھے آپ عشرہ مبشرہ میں ہیں اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے خاوند ہیں اور حضور علیہ السلام کے داماد ہیں 194

علم کا شہر کے دروازے چوتھے خلیفہ حضرت علی رضی اللہ عنہ ہیں 195

حضور علیہ السلام نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو غزوہ تبوک کے موقع پر مدینہ شریف کا خلیفہ بنایا 196

جنگِ احد میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سولہ زخم کھائے۔ 197

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے پانچ سو چھیاسی حدیثیں روایت ہیں۔ 198

حضرت علی رضی اللہ عنہ، حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا، حضرت حسن اور حضرت حسین رضی اللہ عنہما حضور علیہ السلام کے اہل ہیں۔ 199

حضور علیہ السلام نے فرمایا جس کا میں ولی ہوں اس کے حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی ولی ہیں 200

رسول پاک علیہ السلام نے فرمایا حضرت علی رضی اللہ عنہ مجھ سے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ہوں یہ کمال قرابت کی طرف اشارہ ہے 201

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا قسم ہے اس خدا کی جس نے دانہ کو پھاڑا ہے اور جان کو پیدا کیا ہے حضور علیہ السلام نے مجھ وصیت کی ہے جو مومن ہوگا وہ مجھ سے محبت رکھے گا اور جو منافق ہوگا وہ ہی مجھ سے بغض رکھے گا۔ 202

Scanned with CamScanner

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ ہم سب سے اچھا فیصلہ کرتے 203

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اہل مدینہ میں سب سے بڑھ کر قاضی اور علم فرائض جاننے والے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ ہیں۔ 204

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شان میں تین سو آیات نازل ہوئیں۔ 205

حضرت علی رضی اللہ عنہ کا عادت تھا بیت المال میں جھاڑو دیتے اور پھر وہیں نماز ادا فرماتے اس خیال سے کہ یہ قیامت کے روز گواہی دے کہ مسلمانوں سے روک کر انہوں نے بیت المال میں روپیہ جمع نہیں کیا 206

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے سوال کیا گیا سخاوت کیا ہے؟ آپ نے فرمایا جو بغیر سوال کے ہو اور جو مانگنے کے بعد ہو وہ تو بخشش ہے۔ 207

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا سات باتیں شیطان کی طرف سے ہوتی ہیں 208
۱۔ غصہ کی شدت ۲۔ عطاس (نسوار کی وجہ سے چھینک آنا) کی شدت ۳۔ جمائی کی شدت
۴۔ قے ۵۔ نکسیر ۶۔ بول وبراز ۷۔ ذکر خدا کے وقت نیند کا آنا